Marks

**Question 1A (5 marks)**

مثال کے مطابق دی گئی تصویر کے سامنے مناسب لفظ لکھیے۔

مثال :  کتاب ____________________

 ____________________

 ____________________

 ____________________

 ____________________

 ____________________

Marks

**Question 1B (5 marks)**

## مثال کے مطابق لکیر کھینچ کر تصویر کو مناسب جملے سے ملایئے۔

سارا اور اسلم بس میں ہیں۔



کلیم کمرہ صاف کر رہا ہے۔



بازار میں بہت لوگ ہیں۔



ماں گاڑی سے کام پر جاتی ہے۔



میرے ماموں مچھلی پکڑ رہے ہیں۔



عائشہ پھل توڑنے کے لئے پیڑ پر چڑھتی ہے۔



Marks

**Question 2A (10 marks)**

**خالی جگہ پُر کرنے کے لیے صحیح جواب کے حرف پر دائرہ ◯ بنائیے۔**

مثال : احمد .............................. بھائی روتا ہے۔

ا۔ کا  ب۔ سے

ج۔ کی  د۔ کو

---

۱۔ اگلے ہفتے ہم ماں کی سالگرہ .............................. ۔

ا۔ منائے تھے  ب۔ مناتے ہیں

ج۔ منائے  د۔ منائیں گے

۲۔ کتب خانہ .............................. ہے ؟ میں ایک کتاب خریدوں گا۔

ا۔ کہاں  ب۔ کیسے

ج۔ کون  د۔ کسی

۳۔ میرے دوست اور میں بہت خوش ہیں۔ ..............................گھومنے جا رہے ہیں۔

ا۔ میں  ب۔ تم

ج۔ وہ  د۔ ہم

۴۔ میرے پیر میں درد ہے .............................. میں گر گئی تھی۔

ا۔ کیونکہ  ب۔ مگر

ج۔ اگر  د۔ یا

Marks

۵۔ مگ .............................. گرم دودھ ہے۔

ا۔ پر　　ب۔ میں

ج۔ کو　　د۔ سے

۶۔ .............................. پھوپھی بازار جا رہی ہے۔

ا۔ میرا　　ب۔ میری

ج۔ میرے　　د۔ میں

۷۔ بچّوں نے ایک خوبصورت فلم .............................. ۔

ا۔ دیکھی　　ب۔ دیکھا

ج۔ دیکھے　　د۔ دیکھنا

۸۔ ماں نے پوچھا : '' رات کے وقت .............................. آیا تھا ؟ ''

ا۔ کون　　ب۔ کس

ج۔ کیوں　　د۔ کیا

۹۔ دودھ میں .............................. شکر ملا دیجیے۔

ا۔ کچھ　　ب۔ چند

ج۔ کتنا　　د۔ کئی

۱۰۔ یہ..............................کتّا بہت بھونکتا ہے۔

ا۔ چھوٹی　　ب۔ چھوٹ

ج۔ چھوٹے　　د۔ چھوٹا

Marks

**Question 2B (5 marks)**

صحیح جواب کے حرف پر دائرہ ◯ بنائیے۔

ا۔ میرے والد کے جوتے .............................. ہیں۔ انہیں جوتوں کو صاف کرنا چاہیے۔

ا۔ نئے — ب۔ گندے

ج۔ چھوٹے — د۔ تیز

۲۔ کرسی ٹوٹ گئی ہے۔ کرسی .............................. کے پاس لے جانا چاہیے۔

ا۔ پولیس — ب۔ درزی

ج۔ بڑھئی — د۔ ڈاکٹر

۳۔ میری خالہ بیمار ہیں۔ کل ہم انہیں .............................. جائیں گے۔

ا۔ دینے — ب۔ دیکھنے

ج۔ پڑھنا — د۔ چلنے

۴۔ میں نے ایک نئ .............................. خریدی۔ میں شادی میں پہنوں گا۔

ا۔ میز — ب۔ قمیص

ج۔ ٹوکری — د۔ گڑیا

۵۔ شمیم کا قلم .............................. نہیں آ رہا ہے۔ اسے ایک نیا قلم خریدنا چاہیے۔

ا۔ نظر — ب۔ بیچنے

ج۔ توڑنے — د۔ روکنے

Marks

**Question 3 (10 marks)**

**پوسٹر کو غور سے پڑھیے پھر سوالوں کے جواب لکھیے۔**

## اقبال سرکاری اسکول
## ''مضمون لکھنے'' کا مقابلہ

آزادی کے موقع پر ، اقبال سرکاری اسکول **''مضمون لکھنے''** کا مقابلہ تیار کر رہا ہے۔
مقابلہ تمام گریڈ ۶ کے بچوں کے لئے ہے۔

دیے گئے عنوانات میں سے آپ کسی ایک موضوع پر لکھ سکتے ہیں:

- میرا پسندیدہ استاد
- اسکول کا پہلا دن

پروگرام اس طرح ہے:

تاریخ : جمعہ ۲۱ فروری ۲۰۲۱ء
وقت : صبح گیارہ بجے سے بارہ بجے تک
جگہ : اسکول لائبریری

**انعامات:**

پہلا انعام : ہوٹل میں والدین کے ساتھ دو روز رہنا
دوسرا انعام : رشتہ‌داروں کے ساتھ کازیلہ میں ایک دن گزارنا

اگر آپ اس مقابلے میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو اپنے استاد کو اپنا نام دیجئے۔
نام دینے کا آخری دن ۳ فروری ۲۰۲۱ء ہے۔
زیادہ جاننے کے لئے ہیڈ ماسٹر جناب عادل کو اس نمبر پر ۴۲۴۸۳۲۱ فون کیجئے ۔

Marks

۱۔ کس اسکول میں مقابلہ ہونے جا رہا ہے ؟ [ 1 ]

---

۲۔ کون سا مقابلہ تیار کیا جا رہا ہے ؟ [ 1 ]

---

۳۔ کس موقع پر مقابلہ تیار کیا گیا ہے ؟ [ 1 ]

---

۴۔ کس جماعت کے بچّے مقابلے میں حصہ لے سکتے ہیں ؟ [ 1 ]

---

۵۔ ایک موضوع بتایئے جس پر بچّے اپنا مضمون لکھ سکتے ہیں۔ [ 1 ]

---

۶۔ کس تاریخ کو مقابلہ ہوگا ؟ [ 1 ]

---

۷۔ کس وقت مقابلہ شروع ہوگا ؟ [ 1 ]

---

۸۔ پہلا انعام کیا ہے؟ [ 1 ]

---

۹۔اگر آپ حصہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو کیا کرنا چاہیے ؟ [ 1 ]

---

Marks

۱۰۔ جناب عادل کون ہیں ؟ [ 1 ]

________________________________________

**Question 4**

**عبارت غور سے پڑھیے پھر سوالوں کے جواب لکھیے۔**

عادل بارہ سال کا ایک لڑکا تھا۔ وہ اپنے والدین اور دادی کے ساتھ رہتا تھا۔ ہر روز وہ اسکول بائیسکل سے جاتا تھا۔ ایک روز اس کی دادی بازار جا رہی تھیں۔

ان کے جانے کے بعد ، عادل نے دیکھا کہ دادی میز پر اپنا بستہ بھول گئی ہیں۔

''میں اپنی بائیسکل پر ان کا پیچھا کروں گا۔ بس پکڑنے سے پہلے میں دادی تک پہنچ جاؤں گا۔'' اس نے سوچا۔

وہ اپنی بائیسکل پر سوار ہوا اور بس اسٹاپ کی طرف چل پڑا۔ اس نے اپنی دادی کو سڑک پر چلتے دیکھا۔ اسی وقت ، دو نوجوان موٹرسائیکل پر آئے۔ جب وہ عادل کی دادی کے قریب پہنچے، تو ان میں سے ایک نوجوان موٹرسائیکل سے اُترا۔ وہ جلدی سے دادی کے سونے کا ہار چھین کر بھاگا۔ بیچاری دادی زمین پر گر گئیں اور رونے لگیں۔

یہ سب دیکھ کر عادل ناراض ہو گیا۔ وہ اپنی دادی کی مدد کرنے کے لئے دوڑا۔

'' آپ فکر مت کیجئے دادی جان۔ میں ان چوروں کو پکڑ لوں گا۔''

وہ پھر اپنی بائیسکل پر بیٹھ گیا اور تیزی سے چلانے لگا۔ کچھ دیر بعد دونوں چور عادل کو نظر آئے۔ وہ دونوں ایک بڑے گھر کے اندر جا رہے تھے۔ عادل نے خاموشی سے ان کا پیچھا کیا۔اس نے کھڑکی سے ان کو دیکھا ۔ چور سونے کا ہار ایک گلدان میں رکھ رہے تھے ۔

Marks

وہ فوراً پاس کے پولیس اسٹیشن گیا۔ اس نے پولیس کو بتایا کہ کیا ہوا ہے۔پولیس والے اپنی گاڑی میں بیٹھے اور عادل کے ساتھ ان چوروں کے گھر پہنچے۔ انھوں نے دروازے پر دستک دی اور ایک چور نے دروازہ کھولا۔

''کیا آپ نے ایک سونے کا ہار چرایا ہے ؟'' ایک پولیس والے نے اونچی آواز میں پوچھا۔

''بالکل نہیں۔آپ ہر جگہ ڈھونڈ سکتے ہیں۔ آپ کو کچھ نہیں ملے گا۔''

''وہ جھوٹ بول رہے ہیں۔'' عادل چلّایا۔ '' ہار اس گلدان میں ہے۔''

یہ سنتے ہی چوروں نے بھاگنے کی کوشش کی۔ مگر پولیس نے ان کو پکڑ لیا۔

عادل گھر گیا اور دادی کو ہار واپس کیا۔ یہ سن کر ان کو بہت فخر محسوس ہوا کہ کس طرح چوروں کو پکڑنے میں عادل نے پولیس کی مدد کی ہے ۔

**Question 4A (5 marks)**

**مناسب فقرے کے صحیح حرف پر دائرہ ○ بنائیے۔**

۱۔ روزانہ عادل اسکول کیسے جاتا ہے ؟

ا۔ بس سے

ب۔ گاڑی سے

ج۔ موٹرسائیکل سے

د۔ بائیسکل سے

۲۔ عادل کی دادی گھر پر کیا بھول گئی تھیں ؟

ا۔ ہار

ب۔ بستہ

ج۔ گلدان

د۔ چشمہ

Marks

۳۔ عادل نے جب دیکھا کہ دادی کے ساتھ کیا ہوا ہے تو اُس نے سب سے پہلے کیا کیا ؟

ا۔ چور کا پیچھا کیا

ب۔ پولیس کو بلایا

ج۔ گھر واپس گیا

د۔ اپنی دادی کی مدد کی

۴۔ چور نے ہار کہاں رکھا تھا ؟

ا۔ بستہ میں

ب۔ گلدان میں

ج۔ موٹرسائیکل میں

د۔ کھڑکی کے پیچھے

۵۔ اس کہانی میں عادل کیسا لڑکا ہے ؟

ا۔ سست

ب۔ لالچی

ج۔ بیوقوف

د۔ بہادر

Marks

**Question 4B (10 marks)**

**سوالوں کے جواب پورے جملے میں لکھیے۔**

۱۔ کس طرح چور نے عادل کی دادی کا ہار چرایا؟دو جواب لکھیے۔ [ 2 ]

۲۔ عادل نے 'خاموشی' سے چور کا پیچھا کیوں کیا ؟ [ 1 ]

۳۔ کس طرح پولیس نے عادل کی مدد کی؟ دو جواب لکھیے۔ [ 2 ]

۴۔ آخر میں عادل کی دادی کو کیسا لگا ؟ کیوں؟ [ 2 ]

۵۔ عبارت کے مطابق دیے گئے جملوں کو ترتیب سے لکھیے۔ [ 3 ]

الف۔ عادل نے پولیس کو بتایا کہ ہار کہاں ہے

ب۔ عادل ناراض تھا

ج۔ عادل نے اپنی دادی کو ہار واپس کیا

د۔ عادل نے چور کے گھر کی کھڑکی سے دیکھا

Marks

الف۔ عادل ناراض تھا

ب۔ ________________

ج۔ ________________

د۔ ________________

**Question 5A (4 marks)**

**(الف) بےترتیب لفظوں کو ترتیب سے لکھ کر جملہ لکھیے۔**

دانت احمد کرتا بُرش ہے

________________

خطرناک میں ہے جانور جنگل ایک

________________

**Question 5B (6 marks)**

**(ب) جملوں کو مکمل کیجیے۔**

۱۔ بچّے بارش میں اسکول گئے لیکن ________________

۲۔ میری سہیلی ناراض تھی پھر بھی ________________

۳۔ لڑکے ٹیلی‌وژن دیکھ رہے تھے جب ________________

Marks

**Question 6 (10 marks)-**

**عبارت غور سے پڑھیے پھر دیے گئے مناسب لفظوں سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گھر | اسکول | دلچسپ | پکاتی | اپنی |
| ساتھ | اچھی | رہتیں | لکھتی | ان |

ہر بچّہ کی زندگی میں دادی اہم ہوتی ہے۔ میرے پاس دنیا کی سب سے .................................. دادی ہے۔ وہ میرے ساتھ نہیں .................................. مگر میں انہیں روزانہ یاد کرتی ہوں۔ میں اکثر انہیں خط .................................. ہوں ۔

انہیں .................................. زندگی میں پا کر میں بہت خوش ہوں کیونکہ وہ بہت اچھی ہیں۔ وہ سمندر کے کنارے ایک چھوٹے.................................. میں رہتی ہیں۔ جب میں .................................. کی چھٹیوں میں ان کے یہاں رہنے جاتی ہوں تو وہ میرے ساتھ کھیلتی ہیں۔ وہ ہمیشہ میرے لئے لذیذ کھانا .................................. ہیں۔

ہر رات ہم ایک .................................. پرانی تصویریں دیکھتے ہیں۔

وہ اپنے بچپن کی .................................. کہانیاں مجھے سناتی ہیں۔میں .................................. کہانیوں کو پسند کرتی ہوں۔جب مجھے گھر واپس جانا ہوتا ہے تو میں اداس ہوتی ہوں۔

Marks

**Question 7A (5 marks)**

**خطکشیدہ لفظوں کی اصلاح کر کے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔**

۱۔ علی کی ٹوپی الماری میں ہیں ............................................. ۔

۲۔ والدہ نے املی کھایا............................................. ۔

۳۔ ہر روز رفیق سمندر کے کنارے گیا............................................. ۔

۴۔ لکڑہارا جنگل سے لکڑیوں کاٹتا ہے ............................................. ۔

۵۔ مریض کی سحت خراب ہے۔ ............................................. ۔

**Question 7B (5 marks)**

**بریکٹ میں دیے گئے لفظوں کو صحیح شکل دے کر خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔**

۱۔ شاہین کو میری مدد کی ............................................. ہے۔ ( ضرور)

۲۔ میرے دادا صحن کی ............................................. کرتے ہیں۔ (صاف )

۳۔ ریاض ............................................. اپنا کام ختم کرتا ہے پھر سوتا ہے۔ (جلد جلد )

۴۔ درزی کی بیٹی............................................. جماعت میں ہے۔ ( چار )

۵۔ ابّو نے ............................................. بھر محنت کی ہے۔ ( زندہ)

Marks

**Question 8 (10 marks)**

تصویروں کو دیکھ کر دیے گئے لفظوں کی مدد سے ایک ایک جملہ اس طرح لکھیے کہ ایک چھوٹی سی کہانی بن جائے۔



ایک دن - دکان




کچھ دیر بعد - لوٹنا



بدقسمتی سے - گرنا



اسی وقت - مدد



آخر میں - شکریہ ادا کرنا

**Question 9 (10 marks)**

**خاکے کے مطابق تقریباً سو (۱۰۰) لفظوں کا مضمون لکھیے۔**

سمندر کے کنارے

بچّے پانی میں کھیلنا

ایک بچّہ مدد کے لئے چلّانا

آپ نے کیا کیا ؟

آخر میں کیا ہوا ؟

Marks

BLANK PAGE